سٹی اپڈیٹ

ایڈیٹر: ملک انیق احمد | گروپ ایڈیٹر: ملک اقبال آکاش | مینجنگ ایڈیٹر: جام محسن رضا

جلد نمبر 19 | ہفتہ 08 مارچ 2025ء 24 پھاگن 07 رمضان المبارک 1446ھ | شمارہ نمبر 288

بلدیہ ٹاؤن میں "ختمِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روڈ" کا باضابطہ افتتاح

ریفلیکٹر بورڈ نصب پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے رہنما چیئرمین بلدیہ ٹاؤن عبدالکریم آسکانی نے چار نمبر سے سات نمبر تک جانے والے روڈ کو "ختمِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روڈ" کے نام سے موسوم کرنے کا باضابطہ افتتاح کر دیا

. کراچی رپورٹ (ظفر عالم ملک) بلدیہ ٹاؤن میں "ختمِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روڈ" کا باضابطہ افتتاح، ریفلیکٹر بورڈ نصب پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے رہنما چیئرمین بلدیہ ٹاؤن عبدالکریم آسکانی نے چار نمبر سے سات نمبر تک جانے والے روڈ کو "ختمِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روڈ" کے نام سے موسوم کرنے کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔اس موقع پر وائس چیئرمین خالد نیازی، وائس چیئرمین رحیم شاہ، چیئرمین یوسی 6 احد اقبال ایڈوکیٹ، وائس چیئرمین آفتاب اعوان، ختمِ نبوت کے عہدے داران، مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، اور سیاسی و سماجی طبقات کے افراد بھی موجود تھے۔واضح رہے کے گزشتہ چند روز قبل مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام نے بلدیہ ٹاؤن آفس میں چیئرمین عبدالکریم آسکانی سے ملاقات کی۔علمائے کرام نے درخواست کی کہ مذکورہ روڈ کا نام "ختمِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روڈ" رکھا جائے تاکہ عوام میں اس عقیدے کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے۔اس موقع پر چیئرمین عبدالکریم آسکانی نے اپنے قائد، شہید ذوالفقار علی بھٹو کے نقشِ قدم پر چلتے

قرارداد کثرتِ رائے سے منظور کی گئی، جس کے بعد آج باضابطہ طور پر چار نمبر سے سات نمبر تک جانے والی سڑک کو "ختمِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روڈ" کے نام سے منسوب کر دیا گیا اور اس کا عملی کام مکمل کر دیا گیا۔ آج، باضابطہ طور پر چیئرمین عبدالکریم آسکانی نے افتتاحی تقریب میں "ختمِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روڈ" کا اعلان کیا اور ریفلیکٹر بورڈ نصب کیا گیا۔اس موقع پر علاقے کے معززین، مختلف سیاسی و سماجی شخصیات، کونسل ممبران، اور شہریوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

سماجی اقدار کے فروغ کے لیے بھی عملی اقدامات جاری رکھے گی۔تقریب میں موجود اراکینِ کونسل اور علاقہ مکینوں نے اس فیصلے پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سماجی اور دینی اقدار کے فروغ میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔افتتاحی تقریب کے اختتام پر ملک کی سلامتی، ترقی، اور اتحاد کے لیے خصوصی دعا کی گئی، جبکہ شہریوں نے بلدیہ ٹاؤن انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہا۔پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے رہنما چیئرمین بلدیہ ٹاؤن